# SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

**PRESS RELEASE**

For immediate release

April 2, 2026

## SECP Fast-Tracks Corporate Account Opening with Askari Bank, NayaPay



**ISLAMABAD, April 02:** SECP Chairman Dr. Kabir Ahmed Sidhu (center) presides over the MoU signing ceremony with Askari Bank Limited and NayaPay. The initiative, part of SECP's "Paper to Platform" strategy, aims to digitize and fast-track corporate account opening for newly registered companies. The MoU signing ceremony was attended by SECP Commissioners Mr. Muzzafar Ahmed Mirza, Mr. Imtiaz Haider, and Mr. Ali Farid, along with senior officials of the participating organizations.

**Islamabad, April 2:** The Securities and Exchange Commission of Pakistan has signed Memoranda of Understanding (MoUs) with Askari Bank Limited and NayaPay to make it easier and faster for companies to open corporate bank accounts.

Under this arrangement, once a company is registered with SECP, its directors will get an online option to open a bank account in a bank of their choice. There will be no need for lengthy manual processes.

SECP's eZfile system will be connected with the systems of partner banks through a secure digital link. This will allow instant verification of company data. As a result, companies will be able to open bank accounts quickly with less documentation and fewer delays.

The MoU signing ceremony was attended by SECP Commissioners Mr. Muzzafar Ahmed Mirza, Mr. Imtiaz Haider, and Mr. Ali Farid, along with senior officials of the participating organizations. The MoU was signed by Commissioner SECP Mr. Muzzafar Ahmed Mirza, Askari Bank's Group Head Retail Banking Mr. Shaikh Raashed Rauf, and NayaPay's CEO Mr. Danish Ahmad Lakhani.

The ceremony was attended by SECP Chairperson Dr. Kabir A. Sidhu, President Askari Bank Mr. Zia Ijaz, and senior officials. This step is part of SECP's "Paper to Platform" initiative. The aim is to digitize processes and improve ease of doing business. It also builds on SECP's earlier partnerships with financial institutions.

Speaking at the event, Chairperson SECP Dr. Kabir Ahmed Sidhu said that close coordination between SECP and financial institutions will help provide complete digital onboarding for businesses. He said this will reduce barriers, improve transparency, and support financial inclusion.

Officials of Askari Bank and NayaPay welcomed the initiative. They said it will not only make account opening easier but also support future cooperation in lending and digital financial services.

Earlier, SECP signed similar agreements with Mobilink Microfinance Bank Limited, Easypaisa Bank Limited, Mashreq Bank, and Raqami Islamic Digital Bank Limited. The initiative will help companies start operations faster after registration. It will also strengthen links between banks and capital markets and support a more efficient and transparent business environment in Pakistan.

.

.

SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

# PRESS RELEASE

For immediate release

April 2, 2026

## ایس ای سی پی کا نئی کمپنیوں کے آن لائن بینک اکاؤنٹس کھولنے کے لیے عسکری بینک اور نیا پے کے ساتھ معاہدہ



**ISLAMABAD, April 02:** SECP Chairman Dr. Kabir Ahmed Sidhu (center) presides over the MoU signing ceremony with Askari Bank Limited and NayaPay. The initiative, part of SECP's "Paper to Platform" strategy, aims to digitize and fast-track corporate account opening for newly registered companies. The MoU signing ceremony was attended by SECP Commissioners Mr. Muzzafar Ahmed Mirza, Mr. Imtiaz Haider, and Mr. Ali Farid, along with senior officials of the participating organizations.

اسلام آباد، 2 اپریل: سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے نئی رجسٹر ہونے والی کمپنیوں کے لیے بینک اکاؤنٹس کھولنے کے عمل کو آسان اور تیز بنانے کے لیے عسکری بینک لمیٹڈ اور نیا پے (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے ساتھ مفاہمتی یادداشتوں پر دستخط کیے ہیں۔

اس نئے نظام کے تحت، جیسے ہی کوئی کمپنی ایس ای سی پی میں رجسٹر ہوگی، اس کے ڈائریکٹرز کو آن لائن بینک اکاؤنٹ کھولنے کی سہولت دستیاب ہو جائے گی۔ کمپنیاں اپنی پسند کے بینک کا انتخاب کر کے آن لائن ہی بینک اکاؤنٹ کھول سکیں گی۔

نئی رجسٹر ہونے والی کمپنیوں کے لیے آن لائن بینک اکاؤنٹ کھولنے کی سہولت اب عسکری بینک، نیا پے، موبی لنک مائیکرو فنانس بینک لمیٹڈ، ایزی پیسہ بینک لمیٹڈ، مشرق بینک اور رقمی اسلامی ڈیجیٹل بینک لمیٹڈ کے ذریعے دستیاب ہے۔

اس مقصد کے لیے ایس ای سی پی کے ڈیجیٹل ڈیٹا کو ان بینکوں کے سسٹم کے ساتھ محفوظ طریقے سے انٹی گریٹ کر دیا گیا ہے۔ جب کوئی کمپنی آن لائن درخواست دے گی تو متعلقہ بینک براہ راست ایس ای سی پی کے ڈیٹا سے کمپنی کے کوائف کی فوری تصدیق کرے گا اور بینک اکاؤنٹ کھول دے گا۔ کمپنی کو نہ تو اضافی دستاویزات جمع کروانے کی ضرورت ہوگی اور نہ ہی بینک جانے کی۔

عسکری بینک اور نیا پے کے ساتھ معاہدے پر دستخط کی تقریب ایس ای سی پی کے صدر دفتر اسلام آباد میں ہوئی۔ مفاہمتی یادداشت پر ایس ای سی پی کے کمشنر مظفر احمد مرزا، عسکری بینک کے گروپ ہیڈ ریٹیل بینکنگ شیخ راشد رؤف اور نیا پے کے چیف ایگزیکٹو آفیسر دانش احمد لاکھانی نے دستخط کیے۔ اس موقع پر چیئرپرسن ایس ای سی پی ڈاکٹر کبیر احمد سدھو، عسکری بینک کے صدر ضیاء اعجاز اور دیگر اعلیٰ حکام بھی موجود تھے۔

اس موقع پر چیئرپرسن ایس ای سی پی ڈاکٹر کبیر احمد سدھو نے کہا کہ ملک میں بہتر کاروباری ماحول کے لیے ریگولیٹر اور مالیاتی اداروں کے درمیان تعاون ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایس ای سی پی اپنے نظام کو مکمل طور پر ڈیجیٹل بنا رہا ہے تاکہ کاروبار شروع کرنے میں رکاوٹیں کم ہوں، شفافیت بڑھے اور مالی شمولیت کو فروغ ملے۔

عسکری بینک اور نیا پے کے حکام نے اس اقدام کو سراہتے ہوئے کہا کہ اس سے نہ صرف اکاؤنٹ کھولنے کا عمل آسان ہوگا بلکہ قرضوں کی فراہمی اور ڈیجیٹل مالیاتی خدمات میں بھی بہتری آئے گی۔ یہ اقدام کمپنیوں کو رجسٹریشن کے بعد جلد کام شروع کرنے میں مدد دے گا، بینکوں اور مالیاتی منڈی کے درمیان روابط کو مضبوط کرے گا اور پاکستان میں ایک شفاف اور مؤثر کاروباری ماحول کو فروغ دے گا۔